# 203 (New Syllabus)

**II**

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No. | | | | | | | | | | |

## Part - II
## URDU, Paper - II
### (Second Language)

Time : 3 Hours] [Max. Marks : 100

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

1. خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھتے ہوئے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے : 2 × 3 = 6

(1) دستِ بیگم کا نشاں گالوں پہ ماشاء اللہ
آپ اس درجہ ہیں مظلوم مجھے کیا معلوم

(2) مجھے سہل ہو گئیں منزلیں وہ ہوا کے رخ بھی بدل گئے
ترا ہاتھ ہاتھ میں آ گیا کہ چراغ راہ میں جل گئے

(3) اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا
رنج راحت فزا نہیں ہوتا

(4) وہی آستاں ہے وہی جبیں وہی اشک ہے وہی آستیں
دلِ زار تو بھی بدل کہیں کہ جہاں کے طور بدل گئے

2. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : 1 × 6 = 6

(1) گلزارِ وطن (2) بارش

3. ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھیے : 1 × 6 = 6

(1) خاکہ ''مولانا محمد علی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(2) انشائیہ ''دیا سلائی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

4. ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے :  $1 \times 8 = 8$

(1) واجدہ تبسم کے افسانے ''ماں'' کا خلاصہ لکھئے۔

(2) افسانہ ''پہچان'' کے اہم کرداروں کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

5. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کا جوابات دیجئے :  $2 \times 3 = 6$

(1) مومنؔ کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(2) ظفر علی خاں پر ایک نوٹ لکھئے۔

(3) مجروحؔ کی شاعرانہ عظمت پر ایک نوٹ لکھئے۔

(4) اختر الایمان کے بارے میں ایک نوٹ لکھئے۔

6. متن کے حوالے سے کوئی دو اقتباسات کی تشریح کیجئے :  $2 \times 3 = 6$

(1) ''لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کو شاعری سے مناسبت نہ تھی۔ اس لئے وہ بہت جلد اس کوچہ سے نکل آئے اور نثر کی طرف توجہ کی۔''

(2) ''بڑی دیر بعد چپراسی یہ حکم لے کر نکلا کہ سررشتہ دار کو رپورٹ خوانی کے لئے بلایا ہے۔ اب رہی سہی امید اور بھی گئی گزری ہوئی۔''

(3) ''تیرھویں صدی عیسوی میں شام اہل وینس کے قبضے میں تھا۔ انھوں نے ایک حاکم قوم کی طرح شام کی پھلتی پھولتی صنعت شیشہ گری سے مکمل طور پر فائدہ اٹھایا۔''

(4) ''اوّل تو خدا کے فضل سے ہم سنیما کبھی وقت پر نہیں پہنچ سکے، اس میں میری سُستی کو ذرا دخل نہیں، یہ سب قصور ہمارے دوست مرزا صاحب کا ہے۔''

7. ذیل میں سے کسی دو کے مختصر جواب لکھئے :  $2 \times 3 = 6$

(1) اختر الایمان کے شعری مجموعوں کے نام بتائیں۔

(2) بارش کی وجہ سے شاعر کے دل پر کیا اثر ہوا ؟

(3) ظفر علی خاں نے کونسا اخبار نکالا تھا اور اس میں کیسے مضامین شائع ہوتے تھے ؟

(4) سرور جہاں آبادی کی نظموں کے مجموعوں کے بارے میں بتائیں۔

8. ذیل میں سے کسی دو کے مختصر جواب لکھئے :  $2 \times 3 = 6$

(1) مرزا صاحب کی وجہ سے پطرس بخاری کو کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا ؟

(2) فائبر گلاس (Fibre Glass) کے متعلق سے آپ کیا جانتے ہیں ؟

(3) نذیر احمد جب ہندوستانی بڑے افسر سے ملاقات کرتے تو ان کا کیا حال ہوتا تھا ؟

(4) ''آثار الصنادید'' میں کس کا ذکر ہے لکھئے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

**9.** حسب ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) ظفر علی خاں کو جیل کیوں جانا پڑا ؟

(2) نظم ''اجنبی'' کس شاعر کی ہے؟

(3) سرور جہاں آبادی کی پیدائش کب ہوئی ؟

(4) فردوس کا نمونہ شاعر کسے بنانا چاہتا ہے؟

(5) اخبار ''زمیندار'' کس نے نکالا ؟

**10.** حسب ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) خواجہ حسن نظامی کا سلسلہ نسب کس سے تعلق رکھتا ہے؟

(2) مولانا شبلی کا انتقال کب ہوا ؟

(3) ڈپٹی نذیر احمد کا اصل نام کیا ہے؟

(4) پطرس بخاری کے مضامین کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

(5) رشید احمد صدیقی کی کتابوں کے نام لکھیے۔

**11.** صحیح جوڑ ملائیں : **5 × 1 = 5**

| | | |
|---|---|---|
| (1) پہچان | (A) قرۃ العین حیدر | ( ) |
| (2) میٹر گرتا ہے ! | (B) صادقہ نواب سحر | ( ) |
| (3) جھنڈا اونچا رہے ہمارا | (C) واجدہ تبسم | ( ) |
| (4) فوٹو گرافر | (D) آمنہ ابوالحسن | ( ) |
| (5) ماں | (E) شکیلہ اختر | ( ) |

**12.** ذیل میں سے کسی پانچ کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی دیجیے : **5 × 2 = 10**

| | | |
|---|---|---|
| (1) سکتہ | (2) وقفہ | (3) ختمہ یا خطِ فاضل |
| (4) حرفِ ربط | (5) حرفِ عطف | (6) حرفِ تخصیص |
| (7) حرفِ فجائیہ | (8) سوالیہ | (9) قوسین |
| (10) واوین | | |



collegedunia
India's largest Student Review Platform

13. ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کو سابقے یا لاحقے لگا کر لکھئے : 5 × 1 = 5

(1) قدر (2) لطف (3) مول
(4) فن (5) چار (6) پسند
(7) مال (8) خواہش (9) سفر
(10) دار

14. (A) ذیل کے جملوں میں محاوروں کی شناخت کیجئے : 5 × 1 = 5

(1) آپ سے مل کر دل باغ باغ ہوگیا۔
(2) امجد پولیس والے کی مٹھی گرم کر کے جیل سے باہر نکل آیا۔
(3) اپنی کامیابی کی خبر سن کر وہ پھولے نہ سمائے۔
(4) سب کچھ جانتے ہوئے بھی حامد کی آنکھوں پر پردہ پڑ گیا۔
(5) ہاشم کبھی کبھی غصّے میں آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔

(B) ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے : 5 × 1 = 5

(1) دین و دنیا (2) حسن و جمال (3) آغاز و انجام
(4) رنج و غم (5) رات و دن (6) خط و کتابت
(7) حلال و حرام (8) صنعت و حرفت (9) صبح و شام
(10) عجیب و غریب

15. ذیل کے جملوں کو رموز و اوقاف کا استعمال کرتے ہوئے درست کیجئے : 5 × 1 = 5

(1) رشید احمد جو کلکٹر رحیم کے بھائی ہیں بہت بڑے حکیم ہیں
(2) آپ کونسی جماعت میں پڑھتے ہو
(3) توبتہ النصوح ڈپٹی نذیر احمد کی مشہور ناول ہے
(4) شاباش اسی طرح کامیابی حاصل کرتے رہو
(5) میں تو صرف سلام کے لئے حاضر ہوا تھا

16. ''نحو'' کی تعریف کیجئے۔ 1 × 5 = 5



collegedunia
India's largest Student Review Platform